# آحسن الوظائف

## سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوا لِي وَلَا تَكْفُرُونِ ۝

سورۃ البقرہ
آیت 152

سو تم یاد رکھو مجھ کو میں یاد رکھوں گا تم کو اور احسان مانو میرا اور ناشکری مت کرنا۔

# آستانہ عالیہ

حضرت مولانا و مرشدنا

# اللہ یار خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ

بخیر گرداں

حضرت محمد احسن بیگ صاحب مدظلہ العالی

حضرت سید بنیاد حسین شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ

آستانہ عالیہ مرشد آباد چکڑالہ ضلع میانوالی

# ضروری ہدایات

۱۔ یہ اَوراد و وظائف آپ ﷺ کی سنت سے اور حضرت استاذ المکرمؒ کے عمل سے ثابت ہیں۔

۲۔ ان کا پڑھنا کارِ ثواب ہے، یہ نہ فرض ہیں نہ واجب۔

۳۔ صبح و شام کا معمول ہر حال مقدم ہے اور یہ اَوراد و وظائف کسی بھی صورت اس کا نعم البدل نہیں۔

۴۔ یہ اس لئے چھاپ دیئے ہیں کہ ہر ساتھی ہر مقام پر اس سے مستفید ہو سکے۔

# جب صبح نیند سے بیدار ہو

## اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

پناہ مانگتا ہوں میں اللہ سے شیطان مردود کی

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

★ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَحْیَانَا بَعْدَ مَآ اَمَاتَنَا وَاِلَیْهِ النُّشُوْرُ ط — 1 مرتبہ (1)

تمام تعریفیں اللہ کیلئے جس نے زندہ کیا موت کے بعد اور ہم اُسی کی جانب لوٹنے والے ہیں

★ سُبْحٰنَ اللّٰهِ — 11 مرتبہ (2)

اللہ پاک ہے

★ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ — 11 مرتبہ (2)

تمام تعریفیں اللہ کیلئے ہیں

★ اَللّٰهُ اَكْبَرُ — 11 مرتبہ (2)

اللہ سب سے بڑا ہے

★ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ — 11 مرتبہ (3)

میں اللہ سے معافی مانگتا ہوں

(1) حضرت حذیفہؓ سے مروی ہے کہ حضور ﷺ جب سو کر اٹھتے تو ان کلمات کے ذریعہ اللہ کا شکر ادا کرتے۔ (بخاری ر ج ۲ ر ص ۹۳۶)

(2) حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو دن میں ۱۰۰ مرتبہ یہ کلمات کہے اس کی خطائیں معاف ہو جاتی ہیں چاہے سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں۔ (بخاری ر ج ۲ ر ص ۹۴۸)

(3) جو پابندی سے استغفار کرے اللہ اس کو ہر تنگی اور غم سے نجات دیتا ہے اور ایسی جگہ سے روزی دیتا ہے جہاں سے گمان بھی نہ ہو (ابو داؤد)

# بعد از نماز تہجد

# سید الاستغفار

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَ اَنَا

اے اللہ توہی میرا رب ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو نے مجھے پیدا کیا اور میں

عَبْدُكَ وَ اَنَا عَلٰی عَھْدِكَ وَ وَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ

تیرا بندہ ہوں اور میں اپنی طاقت کے مطابق تیرے عہد اور وعدے پر قائم ہوں

اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُلَكَ بِنِعْمَتِكَ

میں تجھ سے اس چیز کے شر سے پناہ مانگتا ہوں جس کا میں نے ارتکاب کیا میں تیرے سامنے تیرے انعام کا اقرار کرتا ہوں

عَلَیَّ وَ اَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ

جو مجھ پر ہوا اور میں اپنے گناہوں کا اقرار کرتا ہوں لہٰذا تو مجھے معاف کر دے کیونکہ کوئی گناہوں کو معاف نہیں کر سکتا

اِلَّآ اَنْتَ ط 3 مرتبہ (1)

تیرے سوا ۔

(1) اللہ کے رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جس نے دل کے یقین کے ساتھ دن کے کسی بھی حصہ میں ان کلمات کو پڑھا اور اسی دن شام ہونے سے پہلے اس کی موت آ گئی تو وہ جنتی ہوگا اور اسی طرح اگر کسی نے دل کے یقین کے ساتھ شام کے کسی حصہ میں ان کلمات کو پڑھا اور صبح ہونے سے پہلے اس کی موت آگئی تو وہ جنتیوں میں سے ہوگا (بخاری ج۲ ص۹۳۶)

★ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ۚۖ

کوئی معبود نہیں سوائے تیرے، تو پاک ہے۔ میں تھا گنہگاروں سے۔

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَ نَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ؕ وَ كَذٰلِكَ نُنْجِي

پس ہم نے اس کی پکار سن لی اور اسے غم سے نجات دے دی اور ہم ایسے ہی بچالیا کرتے ہیں

الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ 3 مرتبہ 1 سورۃ انبیاء 87 سے 88

ایمان والوں کو۔

★ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ۝ وَلَهُ

پس اللہ تعالیٰ کی تسبیح بیان کیا کرو شام کے وقت اور صبح کے وقت۔

الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ عَشِيًّا وَّ حِيْنَ

تمام تعریفوں کے لائق آسمان وزمین میں صرف وہی ہے، تیسرے پہر اور

تُظْهِرُوْنَ ۝ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَ يُخْرِجُ الْمَيِّتَ

ظہر کے وقت۔ تسبیح بیان کیا کرو وہی زندہ کو مردہ سے اور مردہ کو

1 حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ کیا تم کو اللہ تعالیٰ کا اسم اعظم نہ بتادوں؟ جس کے ذریعہ سے دعا کی جائے تو اللہ تعالیٰ قبول فرماتے ہیں۔ یہ وہ دعا ہے جس کے ذریعہ سے حضرت یونسؑ نے اللہ تعالیٰ کو تین اندھیروں میں پکارا تھا (ترمذی ج۲ ص۱۸۸)

مِنَ الْحَيِّ وَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ وَ كَذٰلِكَ

زندہ سے نکالتا ہے۔اور وہی زمین کو اس کی موت کے بعد زندہ کرتا ہے اسی طرح

تُخْرَجُوْنَ ○ 3 مرتبہ 1 سورۃ الروم 17 سے 19

تم بھی نکالے جاؤ گے۔

★ فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَ رَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ

پس اللہ کی تعریف ہے جو آسمانوں اور زمین اور

الْعٰلَمِيْنَ ○ وَلَهُ الْكِبْرِيَآءُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ص وَهُوَ

تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔تمام بزرگی اور بڑائی آسمانوں اور زمین میں اسی کی ہے اور وہی

الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○ 3 مرتبہ سورۃ الجاثیہ 36 سے 37

غالب حکمت والا ہے۔

★ سُبْحٰنَ اللهِ وَ بِحَمْدِهٖ عَدَدَ خَلْقِهٖ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ

اللہ پاک ہے اور میں اللہ کی تعریف بیان کرتا ہوں اُس کی مخلوق کی گنتی کے برابر اور عرش کے وزن

1 رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص صبح وشام یہ تین آیات پڑھ لے تو اس کے دن اور رات کے معمولات وغیرہ میں سے جو اس سے چھوٹ جائیں اس کا ثواب اسے مل جائیگا(ابوداؤد حدیث نمبر ۵۰۷۶)

وَرِضَا نَفْسِهٖ وَمِدَادَ كَلِمٰتِهٖ ؕ مرتبہ 3 (1)

اور اس کی ذات کی خوشنودی کے موافق اور اس کے کلمات کی سیاہی کے برابر

## فجر کی سنت اور فرض کے درمیان
## اور مغرب اور عشاء کے درمیان

★ درود شریف (2) (اول و آخر) سورۃ الفاتحہ مرتبہ 1 (3)

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ○ فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ

میں نے اللہ پر بھروسہ کیا وہ بہترین کارساز اور بہترین نگہبان اور بہترین مددگار رہے۔
(100 مرتبہ سے زیادہ ہو)

★ درود شریف (2) (اول و آخر) سورۃ الفاتحہ مرتبہ 1 (3) سورۃ الکافرون مرتبہ 1 (4)

1. حضرت جویریہؓ سے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ آج میں نے ایسے چار کلمات تین مرتبہ کہے ہیں کہ اگر تیرے آج کے وظیفہ کا ان کے ساتھ وزن کیا جائے تو ان کلمات کا وزن زیادہ ہوگا (مسلم ج ۲ ص ۳۴۴)
2. عمیر انصاریؓ سے مروی ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا کہ جو خلوص کے ساتھ مجھ پر درود بھیجتا ہے تو اللہ اس پر دس رحمتیں نازل کرتا ہے، دس درجے بلند کرتا ہے، دس نیکیاں لکھ دیتا ہے اور دس گناہ معاف کر دیتا ہے۔ (نسائی ج ۱ ص ۱۴۴)
3. حضور ﷺ نے فرمایا کہ سورۃ فاتحہ میں ہر بیماری سے شفاء ہے۔ (بخاری ج ۲ ص ۷۴۹)
4. سورۃ الکافرون کا پڑھنا چوتھائی قرآن پڑھنے کے برابر ہے۔ (ترمذی)

سورۃ اخلاص 1 مرتبہ (1) سورۃ الفلق 1 مرتبہ (2) سورۃ الناس 1 مرتبہ (3)

★ رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ؕ (100 مرتبہ سے زیادہ ہو) (4)

اے میرے رب میں کمزور ہوں میری مدد فرما۔

★ اَعُوْذُ بِكَلِمٰتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ كُلِّهَا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ؕ 7 مرتبہ (5)

میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کے کامل (پراثرات) کلمات کے ذریعے تمام مخلوق کے شر سے۔

★ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ

اللہ کے نام سے جس کے نام کی برکت سے کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی زمین

وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ؕ 3 مرتبہ (6)

اور آسمان کی اور وہ خوب سننے والا جاننے والا ہے۔

(1) سورۃ الاخلاص کا پڑھنا ایک رات میں تہائی قرآن پڑھنے کا ثواب ہے۔ (بخاری ج ۲ ص ۷۵۰)

(2) عروہ بنت نوفلؓ سے مروی ہے سورۃ الفلق کا پڑھنا چوتھائی قرآن پڑھنے کے برابر ہے۔ (ترمذی وابوداؤد)

(3) عروہ بنت نوفلؓ سے مروی ہے سورۃ الناس کا پڑھنا چوتھائی قرآن پڑھنے کے برابر ہے۔ (ترمذی وابوداؤد)

(4) یہ حضرت نوحؑ کی دعا ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا کہ اس کے پڑھنے سے دشمنوں پر غلبہ حاصل ہوتا ہے۔ مصیبت، تکلیف اور قرض میں گھرے شخص کو پریشانی سے راحت ملتی ہے (تفسیر ابن کثیر)

(5) نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جس نے شام کے وقت تین مرتبہ یہ کلمات کہے تو اس رات اسکو کسی قسم کا زہر نقصان نہ پہنچا سکے گا (حتی کے سانپ اور بچھو کا ڈسنا بھی) (ترمذی ج ۲ ص ۲۰۱)

(6) جو شخص شام کو یہ کلمات تین مرتبہ پڑھے تو صبح ہونے تک اور صبح کو یہ کلمات تین مرتبہ پڑھے تو شام ہونے تک اسے کوئی اچانک مصیبت نہیں آئے گی۔ (ترمذی ج ۲ ص ۱۷۶)

★أَعُوْذُ بِكَلِمٰتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَمِنْ

میں اللہ تعالیٰ کے مکمل کلمات کی پناہ میں آتا ہوں اس کی ناراضگی اوراس کی سزا سے اوراس

شَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنَ ط 3 مرتبہ 1

کے بندوں کے شراور شیطانوں کے وسوسہ ڈالنے،اکسانے اوران کے میرے پاس آنے سے

3 دفعہ فجر کے بعد
10 دفعہ مغرب یا عشائ کے بعد

1 رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ تم میں جو شخص سوتے ہوئے گھبرا جائے تو یہ کلمات کہے۔(ترمذی ر ج ۲ ر ص ۱۹۲)

ہر نماز کے بعد

بشمول فجر

# ہر نماز کے بعد سلام پھیرتے ہی

★ رَبِّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِکْرِكَ وَشُکْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ ط مرتبہ 1 (1)

اے میرے رب میری مدد فرما کہ میں تیرا ذکر اور شکر کرتا رہوں اور اچھے طریقے سے تیری عبادت کرتا رہوں۔

★ اَللّٰہُ اَکْبَرُ مرتبہ 1 (2) اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مرتبہ 3 (3)

اللہ سب سے بڑا ہے — اے اللہ میرے گناہ معاف فرما۔

★ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْكَ لَہٗ لَہُ الْمُلْكُ وَلَہُ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں۔ اسی کی بادشاہی ہے اور

الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط مرتبہ 1 (4)

تمام تعریفیں اسی کیلئے ہیں اور وہی ہر چیز پر قادر ہے۔

---

1. حضور ﷺ نے حضرت معاذؓ کو ہر نماز کے بعد پڑھنے کی وصیت کی۔ (ابوداؤد)
2. حوالہ ماسبق ص/۴ ۔حاشیہ/۲
3. حوالہ ماسبق ص/۴ ۔حاشیہ/۳
4. نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جو دس مرتبہ یہ کلمات کہے اسکے لئے دس غلام آزاد کرنے کا ثواب اور سو نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور سو برائیاں مٹا دی جاتی ہیں اور اس روز شام تک یہ عمل شیطان سے بچاؤ کا ذریعہ ہوتا ہے۔ (بخاری/ج ۲/ص ۹۴۷)

★ سُبحٰنَ اللّٰہِ 10 مرتبہ 1 اَلحَمدُ لِلّٰہِ 10 مرتبہ 1 اَللّٰہُ اَکبَرُ 10 مرتبہ 1

اللہ تعالیٰ پاک ہے۔ تمام تعریفیں اللہ کیلئے ہیں۔ اللہ سب سے بڑا ہے

★ آیت الکرسی 1 مرتبہ

★ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ

آئے ہیں تمہارے پاس رسولﷺ جو تم میں سے ہیں جن کو تمہارے نقصان کی بات نہایت گراں گزرتی ہے۔

حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ

جو تمہاری منفعت کے بڑے خواہشمند رہتے ہیں۔ ایمانداروں کے ساتھ بڑے ہی شفیق اور مہربان ہیں۔ پھر اگر یہ لوگ روگردانی کریں تو آپ کہہ دیجئے

حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝ 7 مرتبہ 2

کہ میرے لیے اللہ ہی کافی ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ میں نے اسی پر بھروسہ کیا اور وہ عظیم الشان عرش کا مالک ہے۔

سورۃ توبہ 128 سے 129

1 ان کے فضائل صفحہ نمبر ۴، حاشیہ نمبر ۲ پر ملاحظہ فرمائیں۔

2 حضرت ابودرداءؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص صبح وشام ان آیات کی پابندی کریگا اللہ تعالیٰ اسکی مشکلات کو آسان کر دیگا اور اسکے سارے کاموں کے لئے کافی ہوجائے گا۔ (تفسیر ابن کثیر)

# بینائی کیلئے وظیفہ، ہر نماز کے بعد ○

★ درود شریف (اول و آخر) مرتبہ 1 [1]

★ سورۃ الفاتحہ مرتبہ 1 [2]　★ آیت الکرسی مرتبہ 1 [3]

★ فَكَشَفْنَا عَنكَ غِطَاءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيدٌ ○ مرتبہ 3 [4]

ہم نے تجھ سے تیرا پردہ دور کر دیا پس تیری نگاہ آج بڑی تیز ہے۔ سورۃ قٓ آیت 22

★ يَا نُوْرُ مرتبہ 11 [5]

اے نور والے

★ اَللّٰهُمَّ قَوِّ بَصَرِيْ بِحُرْمَةِ اِسْمِكَ الْبَصِيْرِ ط مرتبہ 3

اے اللہ میری نظر تیز کر دے اپنے بابرکت نام ''بصیر'' کی حرمت سے۔

○ بینائی کے وظیفہ کے بعد کا عمل: وظیفہ پڑھ کر دونوں ہاتھوں کے انگوٹھے، انگشت شہادت اور درمیانی انگلی اکٹھی کر کے ان پر پھونک کر دونوں آنکھوں پر سرمچو کی طرح تین دفعہ پھیریں۔

1 حوالہ ماسبق ص ۱۰/۔ حاشیہ ۲　2 حوالہ ماسبق ص ۱۰/۔ حاشیہ ۳

3 رسول اکرم ﷺ ارشاد فرمایا کہ قرآن کریم کی چوٹی یعنی سب سے اونچا حصہ سورۃ البقرہ ہے۔ اسکی ہر آیت کے ساتھ فرشتے اترتے ہیں اور آیت الکرسی اللہ تعالیٰ کے خاص خزانے سے نازل ہوئی۔ جو اسکی تلاوت کرتا ہے اسے چوتھائی قرآن پڑھنے کا ثواب حاصل ہوتا ہے۔ (مسند احمد)

4 اس آیت کا پڑھنا آنکھ کی بینائی کیلئے مفید ہے۔ (اعمال قرآنی تھانویؒ)

5 جو شخص اس اسم کا سو مرتبہ ورد کرے گا انشاء اللہ اس کا دل نور الٰہی سے منور ہو جائے گا۔ (حصن حصین)

★ سورة الاخلاص 13 مرتبہ

## خاص فجر اور عصر کی نماز کے بعد

★ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ اَحَدًا صَمَدًا

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں۔ اللہ ایک ہے بے نیاز ہے

لَّمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ط 7 مرتبہ (1) بعد از فجر و عصر

نہ اسنے کسی کو جنا نہ اسکو کسی نے جنا اور نہیں کوئی اس کا ہمسر

## بعد از فجر اور مغرب کے بعد

★ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ 3 مرتبہ

اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتا ہوں جو سننے والا اور جاننے والا ہے، شیطان مردود سے۔

★ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج عٰلِمُ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ ج

وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، چھپے اور کھلے کا جاننے والا

(1) اس کے ورد کرنے والے کو بیس لاکھ نیکیوں کا وعدہ ہے۔ (طبرانی بحوالہ ترہیب ج ۲ ص ۴۲۰)

هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ○ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج

بخشنے والا اور رحم کرنے والا۔ وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں

اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ

وہ بادشاہ ہے، پاک ذات سب عیبوں سے سالم، ایمان دینے والا، پناہ میں لینے والا، غالب، خود مختار،

الْمُتَكَبِّرُ ط سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ○ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ

بڑائی والا۔ پاک ہے اللہ ان چیزوں سے جنہیں یہ اس کا شریک بناتے ہیں۔ وہی اللہ ہے پیدا کرنے والا،

الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ط يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي

بنانے والا، صورت کھینچنے والا اسی کیلئے نہایت اچھے نام ہیں۔ اسی کی پاکی بیان کرتی ہے ہر چیز خواہ

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ج وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○ 1 مرتبہ (1) بعد از فجر اور مغرب سورۃ الحشر آیات 22 سے 24

آسمانوں میں ہو یا زمین میں۔ اور وہی غالب حکمت والا ہے۔

★ اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِيْ مِنَ النَّارِ ط 7 مرتبہ (2) بعد از فجر اور مغرب

اے اللہ مجھے جہنم کی آگ سے بچالے۔

(1) حضرت معقل بن یسارؓ سے مروی ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص صبح میں تین مرتبہ "اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ"، پڑھکر سورۃ الحشر کی آخری تین آیات پڑھ لے اس کے لئے اللہ تعالیٰ ستر ہزار فرشتے مقرر فرما دیتے ہیں۔ جو شام تک اس پر رحمت بھیجتے رہتے ہیں۔ اسی طرح شام میں جو شخص پڑھ لے اس کے لئے اللہ تعالیٰ ستر ہزار فرشتے مقرر فرما دیتے ہیں۔ جو صبح تک اس پر رحمت بھیجتے رہتے ہیں اور اگر اس رات وہ مر جائے تو شہید مریگا (ترمذی) (ماخوذ ابن کثیر ج ۵ ص ۳۸)

(2) حضور اکرم ﷺ نے حضرت مسلم بن حارثؓ کو تلقین فرمائی کہ تم مغرب اور فجر کی نماز کے بعد کسی سے بات کئے بغیر سات مرتبہ اس دعا کو پڑھ لو تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے دوزخ سے بچانے کا حکم ہو جائے گا۔ (ابوداؤد)

★ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ

اے اللہ بخش دے مجھے، میرے والدین کو اور مومن مردوں کو اور مومن عورتوں کو

وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ ط 27 مرتبہ (1) بعد از فجر و مغرب

اور مسلمان مردوں کو اور مسلمان عورتوں کو

★ اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لِیْ فِی الْمَوْتِ وَفِیْ مَا بَعْدَ الْمَوْتِ ط 27 مرتبہ (2) بعد از فجر و مغرب

اے اللہ! برکت دے میری موت میں اور موت کے بعد آنے والے معاملات میں۔

## ★ دعائے حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ

★ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ عَلَیْكَ تَوَكَّلْتُ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ

اے اللہ تو میرا رب ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تجھ پر بھروسہ کیا اور تو رب ہے عرش

الْعَظِیْمِ ط مَا شَآءَ اللّٰهُ كَانَ وَمَا لَمْ یَشَأْ لَمْ یَكُنْ ط لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

عظیم کا۔ جو اللہ نے چاہا وہ ہوا اور جو نہ چاہا نہ ہوا۔ گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیک کام کرنے کی قوت اللہ

(1) جو شخص دن میں ۲۷ یا ۲۵ مرتبہ تمام مومنین اور مومنات کیلئے مغفرت کی دعا مانگے گا وہ اللہ کے نزدیک مستجاب الدعوات لوگوں میں شامل ہو جائے گا، جنکی دعاؤں سے زمین والوں کو رزق دیا جاتا ہے (حصن حصین ص ۷۹)

(2) ادعیہ ماثورہ

الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ؕ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ؕ وَاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ

ہی کی طرف سے ہے وہ عالی شان اور عظیم ہے۔ میں جانتا ہوں بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ بے شک اللہ نے گھیر لیا ہے

بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا ؕ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ وَ مِنْ شَرِّ

ہر چیز کو اپنے علم کے ذریعے۔ اے اللہ میں تیری پناہ میں آتا ہوں اپنے نفس کے شر سے اور ہر جاندار کے شر سے،

كُلِّ دَآبَّةٍ اَنْتَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِيَتِهَا ؕ اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ؕ مرتبہ 1 (1)

تُو ہی اس کو چوٹی سے پکڑے ہوئے ہے۔ بے شک میرا رب ہی سیدھی راہ پر چلانے والا ہے۔

(1) حضرت ابودرداءؓ نے نبی کریم ﷺ سے سنا کہ جو شخص یہ کلمات شروع دن میں پڑھ لے تو شام تک اس کو کوئی مصیبت نہ پہنچے گی اور اگر شام کو پڑھ لے تو صبح تک کوئی مصیبت نہ پہنچے گی۔

(الاسماء والصفات، امام بیہقی)

# خاص بعد
# از نمازِ فجر

★ حٰمٓ ۚ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ۙ غَافِرِ

حٰمٓ۔ اس کتاب کا نازل فرمانا اُس اللہ کی طرف سے ہے جو غالب اور دانا ہے۔ گناہ کا

الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيْدِ الْعِقَابِ ۙ ذِي الطَّوْلِ ۭ

بخشنے والا اور توبہ کا قبول فرمانے والا سخت عذاب والا انعام و قدرت والا ہے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۝ مرتبہ 1 (1) سورۃ المومن آیات 1 سے 3

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اسی کی طرف واپس لوٹنا ہے۔

★ اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَآ اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ

اے اللہ! اسے کوئی روکنے والا نہیں جو تو عطا کرے اور اسے کوئی دینے والا نہیں جو تو روک لے

وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ ۭ مرتبہ 1 (2)

اور کسی شان والے کو اس کی شان تجھ سے فائدہ نہیں پہنچا سکتی۔

★ رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ ﷺ نَّبِيًّا ۭ مرتبہ 1 (3)

میں راضی ہوں اللہ کے رب ہونے اور اسلام کے دین ہونے اور محمد ﷺ کے نبی ہونے پر۔

---

(1) ان آیات کے ورد سے اللہ تعالیٰ کی مغفرت متوجہ ہوتی ہے اور سابقہ جرم کی معافی ہو جاتی ہے۔
(ابن ابی حاتم بحوالہ تفسیر ابن کثیر)

(2) مغیرہ بن شعبہؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ ہر نماز سے فراغت کے بعد یہ دعا پڑھا کرتے تھے۔ (نسائی ج ۱ ص ۱۵)

(3) رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص اس دعا کو صبح و شام پڑھ لے اللہ پر حق ہے کہ اسکو قیامت کے دن راضی کرے
(سنن ابن ماجہ ص ۲۷۶)

# سورۃ الم نشرح

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

اَلَمۡ نَشۡرَحۡ لَکَ صَدۡرَکَ ۝ۙ وَ وَضَعۡنَا عَنۡکَ وِزۡرَکَ ۝ۙ الَّذِیۡۤ

کیا ہم نے آپ کا سینہ کھول نہیں دیا۔ اور آپ سے آپ کا بوجھ ہم نے نہ اتار دیا جس نے

اَنۡقَضَ ظَہۡرَکَ ۝ۙ وَ رَفَعۡنَا لَکَ ذِکۡرَکَ ۝ؕ فَاِنَّ مَعَ الۡعُسۡرِ یُسۡرًا ۝ۙ

آپ کی پیٹھ توڑ دی تھی اور ہم نے آپ کا ذکر بلند کر دیا۔ بے شک ہر مشکل کے ساتھ آسانی ہے۔

اِنَّ مَعَ الۡعُسۡرِ یُسۡرًا ۝ؕ فَاِذَا فَرَغۡتَ فَانۡصَبۡ ۝ۙ وَ اِلٰی رَبِّکَ

یقیناً دشواری کے ساتھ سہولت ہے۔ پس جب آپ فارغ ہوں تو محنت کر اور اپنے پروردگار

فَارۡغَبۡ ۝ع مرتبہ 1

کی طرف دل لگا۔

★ شَہِدَ اللّٰہُ اَنَّہٗ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ ۙ وَ الۡمَلٰٓئِکَۃُ وَ اُولُوا الۡعِلۡمِ

اللہ نے گواہی دی کہ اسکے سوا کسی کی بندگی نہیں اور فرشتوں نے اور علم والوں نے

قَآئِمًۢا بِالۡقِسۡطِ ؕ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ الۡعَزِیۡزُ الۡحَکِیۡمُ ۝ؕ اِنَّ الدِّیۡنَ

وہی حاکم انصاف کا ہے۔ کسی کی بندگی نہیں سوا اسکے زبردست حکمت والا ہے۔ بے شک

عِندَ اللّٰہِ الۡاِسۡلَامُ ۟ قف مرتبہ 1 (1) سورۃ آل عمران آیات 18سے19

اللہ کے نزدیک دین صرف اسلام ہی ہے۔

★ قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الۡمُلۡكِ تُؤۡتِى الۡمُلۡكَ مَنۡ تَشَآءُ وَتَنۡزِعُ

آپ ﷺ کہہ دیجئے اے میرے اللہ تمام جہانوں کے مالک تُو جسے چاہے بادشاہی دے اور جس سے

الۡمُلۡكَ مِمَّنۡ تَشَآءُ ۡ وَتُعِزُّ مَنۡ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنۡ تَشَآءُ ؕ

چاہے سلطنت چھین لے اور تُو جسے چاہے عزت دے اور جسے چاہے ذلت دے،

بِيَدِكَ الۡخَيۡرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ ۝ تُوۡلِجُ الَّيۡلَ فِى

تیرے ہی ہاتھ میں سب بھلائیاں ہیں بے شک تُو ہر چیز پر قادر ہے۔ تُو ہی رات کو

النَّهَارِ وَتُوۡلِجُ النَّهَارَ فِى الَّيۡلِ ۡ وَتُخۡرِجُ الۡحَىَّ مِنَ الۡمَيِّتِ

دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں لے جاتا ہے۔ تو ہی جاندار سے بے جان پیدا کرتا ہے

وَتُخۡرِجُ الۡمَيِّتَ مِنَ الۡحَىِّ ۡ وَتَرۡزُقُ مَنۡ تَشَآءُ بِغَيۡرِ حِسَابٍ ۝ مرتبہ 1 (2)

اور تو ہی بے جان سے جاندار پیدا کرتا ہے اور روزی جسے چاہتا ہے بے شمار دیتا ہے۔

سورۃ آل عمران آیات 26سے27

(1) اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا کہ اللہ کا اسم اعظم ہے جس کے ذریعہ مانگی ہوئی دعا قبول ہوتی ہے وہ (اسم اعظم) تین سورتوں البقرہ، آل عمران اور طٰہٰ میں ہے۔ (ابن ماجہ/ص ۲۷۴)

(2) ان آیات میں اللہ تعالیٰ کا اسم اعظم ہے، اگر ان آیات کو پڑھ کر دعا کی جائے تو اللہ تعالیٰ اس دعا کو قبول فرماتا ہے (طبرانی بحوالہ تفسیر ابن کثیر)

★ سُبۡحٰنَ اللّٰہِ وَ الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ وَ اللّٰہُ اَکۡبَرُ 33 مرتبہ (1)

اللہ پاک ہے اور تمام تعریفیں اللہ کیلئے ہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے

★ سُبۡحٰنَ اللّٰہِ وَ الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ اَللّٰہُ اَکۡبَرُ 1 مرتبہ (1)

اللہ پاک ہے اور تمام تعریفیں اللہ کیلئے ہیں، اللہ سب سے بڑا ہے

★ سُبۡحٰنَ اللّٰہِ 33 مرتبہ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ 33 مرتبہ اَللّٰہُ اَکۡبَرُ 34 مرتبہ (1)

اللہ تعالیٰ پاک ہے۔ تمام تعریفیں اللہ کیلئے ہیں۔ اللہ سب سے بڑا ہے

★ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحۡدَہٗ لَا شَرِیۡکَ لَہٗ لَہُ الۡمُلۡکُ وَلَہُ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں تمام بادشاہی اسی کی ہے۔

الۡحَمۡدُ وَ ھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ط 1 مرتبہ (2)

تمام تعریفیں اسی کی ہیں اور وہی ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

★ یَا عَلِیۡمُ 21 مرتبہ (3)

ہر علم کے جاننے والے۔

---

(1) ان کے فضائل صفحہ نمبر ۴، حاشیہ نمبر ۲ پر ملاحظہ فرمائیں۔

(2) حوالہ ماسبق صفحہ نمبر ۱۳/ حاشیہ نمبر ۴

(3) جو شخص کثرت سے ''یا علیم'' کا ورد کریگا تو اللہ تعالیٰ اس پر انشاء اللہ علم اور معرفت کے دروازے کھول دے گا۔ (حصن حصین/ ص ۷۴)

# ★ درود تنجینا

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

اے اللہ ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ اور ان کی آل

وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنَجِّيْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْاَهْوَالِ

پر درود بھیج۔ ایسا درود کہ اس کے ذریعہ تو ہمیں تمام خوفوں

وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِهَا جَمِيْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا

اور تمام آفتوں سے نجات دے اور اس کے ذریعہ سے ہماری تمام حاجات پوری کرے اور پاک کردے

بِهَا مِنْ جَمِيْعِ السَّيِّئَاتِ وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلٰى

اس کے ذریعہ تُو ہمیں تمام برائیوں سے اور اس کے ذریعہ تُو ہمیں اپنے نزدیک

الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ

بلند درجوں پر بلند کرے اور اسکے ذریعہ تُو ہمیں نیکیوں کا منتہائے مقصود بہم پہنچائے۔

1 فِی الْحَیٰوۃِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط 3 مرتبہ

زندگی میں بھی اور موت کے بعد بھی۔ بیشک تُو ہر چیز پر قادر ہے۔

## ★ دعائے حضرت انس رضی اللہ عنہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی نَفْسِیْ وَدِیْنِیْ بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی اَھْلِیْ وَمَالِیْ

اللہ کے نام کی برکت ہو میری جان اور میرے دین پر۔ اللہ کے نام کی برکت ہو میرے اہل، میرے مال،

وَوَلَدِیْ بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی مَآ اَعْطَانِیَ ط اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَآ اُشْرِکُ

اور میرے بال بچوں پر۔ اللہ کے نام کی برکت ہو اس چیز پر جو اس نے مجھے بخشی۔ اللہ میرا رب ہے میں اس کے ساتھ بالکل شرک

بِہٖ شَیْئًا ط اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط وَاَعَزُّ وَاَجَلُّ

نہیں کرتا۔ اللہ سب سے بڑا ہے۔ اللہ سب سے بڑا ہے۔ اللہ سب سے بڑا ہے۔ اور سب سے زیادہ عزت و بزرگی والا۔

وَاَعْظَمُ مِمَّآ اَخَافُ وَاَحْذَرُ عَزَّ جَارُکَ وَجَلَّ ثَنَآءُکَ

اور اس چیز سے میں ڈرتا ہوں جس کے شر سے مجھے اندیشہ ہے۔ غالب ہے تیری حمایت حاصل کرنے والا اور بڑی ہے تیری تعریف

1 (الشفاء) (حضرت شیخ الاسلام مولانا حسین احمد مدنی (نور اللہ مرقدہ) آفات سے بچنے کیلئے روزانہ بعد نماز عشاء ستر مرتبہ پڑھنے کو فرماتے تھے۔ (مکتوب شیخ الاسلامؒ)

وَلَآ اِلٰهَ غَیْرُكَ ط اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ

اور نہیں ہے کوئی حاکم تیرے سوا کوئی اور ۔ الٰہی میں تیرے ساتھ پناہ پکڑتا ہوں اپنے نفس کے شر سے اور

شَرِّ کُلِّ شَیْطَانٍ مَّرِیْدٍ ط وَمِنْ شَرِّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ ط

سرکش شیطان سے۔ اور ہر ظالم سرکش کے شر سے

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا ھُوَ ط عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ

پس اگر وہ باز نہ آئے تو کہہ کافی ہے مجھے اللہ ۔ نہیں ہے کوئی معبود اس کے سوا۔ اس پر بھروسہ کیا

وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ط اِنَّ وَلِیِّ ۦَ اللّٰہُ الَّذِیْ نَزَّلَ

اور وہ مالک ہے عرش عظیم کا۔ بے شک میرا مددگار اللہ ہے جس نے اتاری

الْكِتٰبَ وَھُوَ یَتَوَلَّی الصّٰلِحِیْنَ ط 3 مرتبہ 1

کتاب اور وہ کام بناتا ہے نیک بندوں کے۔

★ درود تنجینا 3 مرتبہ

1 رسول اللہ ﷺ نے یہ دعا حضرت انسؓ کو ان کی دس سال کی خدمت کے بدلے میں عطا کی۔ جس کی برکت سے اللہ پاک نے انہیں اولاد و مال میں بہت وسعت دی۔ لوگوں کے باغ سال میں ایک دفعہ اور حضرت انسؓ کے باغات سال میں دو بار پھل دیتے تھے۔ اور اللہ پاک نے ہر قسم کی پریشانی سے محفوظ کر دیا۔

★ مَاشَاءَ اللّٰهُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اَشْهَدُ اَنَّ اللّٰهَ

جو اللہ چاہے سو ہو۔ گناھوں سے بچنے کی طاقت نہیں مگر جو دے اللہ۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ

عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ؕ مرتبہ 1 (1)

ہی ہر چیز پر قادر ہے۔

★ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ مرتبہ 21 (2)

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

★ یَا سُبُحٰنُ مرتبہ 40 (3)

اے (عیبوں سے) پاک

★ درود شریف (اول و آخر) مرتبہ 11 وَهُوَ الَّذِیْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا

اور وہی تو ہے جس نے انسان کو پانی سے پیدا کیا،

فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّصِهْرًا ؕ وَكَانَ رَبُّكَ قَدِیْرًا ○ مرتبہ 11 (4) سورۃ الفرقان آیت 54

پھر اس کو نسب والا اور خسر والا بنایا اور آپ ﷺ کا رب بڑی قدرت والا ہے۔

1. حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اس دعا کے پڑھنے والے کو پریشانیوں سے نجات ملتی ہے اور رزق بغیر سوچے سمجھے مل جاتا ہے۔
2. ہر اہم کام شروع کرنے سے پہلے بسم اللہ پڑھنا رسول اللہ ﷺ کی سنت ہے۔ (کل امر ذی بال لم یبدأ ببسم اللہ فھو أقطع) (تفسیر قرطبی)
3. حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ تمام کلموں میں افضل چار کلمے ہیں، ان میں سے ایک یا سبحٰن ہے۔ (مسلم ج ۲ ص ۲۰۷)
4. اولاد کے رشتوں کے لئے مسنون دعا

★ اَللّٰهُمَّ اَلْهِمْنِیْ رُشْدِیْ وَاَعِذْنِیْ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ ط 7 مرتبہ

اے اللہ! مجھے میری سمجھ بوجھ الہام کر دے اور مجھے میرے نفس کی برائی سے بچا۔

★ رَبِّ اَوْزِعْنِیْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَعَلٰی

اے میرے رب! مجھے توفیق بخش کہ میں تیرا شکر ادا کروں، تیری ان نعمتوں کا جو تُو نے مجھے اور میرے والدین

وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰهُ وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ ج

کو عطا فرمائیں اور یہ کہ میں نیک عمل کروں جو تجھ کو پسند ہیں۔ اور میرے لیے میری اولاد میں اصلاح وتقویٰ دے۔

اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْكَ وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ۝ 3 مرتبہ — سورۃ الاحقاف آیت 15

میں تیری طرف رجوع کرتا ہوں اور میں تیرا فرمانبردار ہوں۔

★ اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَیَكْشِفُ السُّوْٓءَ 7 مرتبہ (1) — (سورۃ النمل آیت 62)

بھلا کون پہنچتا ہے بیکس کی پکار کو جب اس کو پکارتا ہے اور سختی دور کرتا ہے

★ وَاللّٰهُ یَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ ط 5 مرتبہ (2) — سورۃ المائدہ آیت 67

اور اللہ تعالیٰ آپ ﷺ کو دشمنوں سے بچالے گا۔

★ یَا عَزِیْزُ الْوَهَّابُ 7 مرتبہ (3)

اے عزت والے، سب کچھ عنایت کرنے والے۔

1. ہر قسم کی پریشانی میں اللہ پاک کو پکارنے کیلئے قرآن پاک کی مجرب آیت
2. جن وانس کے شرور وفتنہ سے حفاظت کے لئے ہے۔ (طبرانی بحوالہ تفسیر ابن کثیر)
3. جو شخص فقر وفاقہ میں گرفتار ہو کثرت سے اس اسم کو پڑھے انشاءاللہ فقر سے نجات ملے گی۔ (حصن حصین)

★ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَ ذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا

اے ہمارے پروردگار! تُو ہمیں ہماری بیویوں سے اور ہماری اولادوں سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما اور ہمیں

لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ○ 5 مرتبہ 1 سورۃ الفرقان 74

پرہیزگاروں کا پیشوا بنا۔

★ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ ○ 7 مرتبہ 2

بے شک ہم اللہ ہی کے لیئے ہیں اور ہم اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں۔

★ وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ○ 7 مرتبہ سورۃ التکویر آیت 29

اور تم تو جب ہی چاہو گے کہ جب چاہے گا اللہ جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔

★ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ ط وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ

اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہُوں فکر اور غم سے اور تیری پناہ مانگتا ہُوں

الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ ط وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ ط

عاجزی اور سستی سے اور تیری پناہ مانگتا ہوں بُزدلی اور بخل سے

1 جو شخص ہر نماز کے بعد اس دعا کا اہتمام کرے اس کی اولاد اور بیوی دیندار ہو جائے گی۔ (تفسیر ابن کثیر)

2 کسی مصیبت کے وقت اسکو پڑھنے سے اللہ فرشتوں کو حکم دیتا ہے کہ میرے بندہ کیلیئے جنت میں ایک گھر بناؤ اور اس کا نام بیت الحمد یعنی تعریف کا گھر رکھو۔ (ترمذی)

وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ وَقَهْرِ الرِّجَالِ ط — 3 مرتبہ (1)

اور تیری پناہ مانگتا ہوں قرض کے گھیر لینے اور لوگوں کے دبا لینے سے ۔

★ الٓمّٓ ۝ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۝ — 3 مرتبہ (2)

پہلی آیت کا تلفظ: الف لام میم اللہ
سورۃ العمران آیات 1 اور 2

الم ۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ، وہ زندہ اور ہمیشہ قائم رہنے والا ہے ۔

★ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ج وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ — 3 مرتبہ (3)

سورۃ البقرۃ
آیت 137

اللہ تعالیٰ عنقریب آپ ﷺ کی کفایت (مدد) کرے گا اور وہ سننے والا ، جاننے والا ہے ۔

★ سُبْحٰنَ الَّذِيْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ

پاک ذات ہے جس نے بنائے جوڑے سب چیز کے اس قسم سے جو اُگتا ہے زمین میں

وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ — 3 مرتبہ (4)

سورۃ یٰسٓ
آیت 36

اور خود اُن میں سے اور اُن چیزوں میں کہ جنکی اُنکو خبر نہیں

★ فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝ — 3 مرتبہ (5)

پاک ہے وہ ذات جس کے ہاتھ میں تمام بادشاہی ہے اور تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے ۔ سورۃ یٰسٓ آخری آیت

---

(1) اللہ کے رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ صبح وشام اس دعا کا اہتمام کرنے سے اللہ تعالیٰ فکروں سے نجات دیتا ہے اور قرض کی ادائیگی کے اسباب فراہم کرتا ہے ۔ (ابوداؤد)

(2) جامع الدعوات میں ہے جب بندہ اسکے ذریعہ مانگتا ہے تو اسے عطا کیا جاتا ہے ۔ (ترمذی ج ۲ ص ۱۸۵)

(3) کسی کی مہربانی اور توجہ کو اپنی جانب متوجہ کرنے کے لئے (اعمال قرآنی مولانا اشرف علی تھانویؒ)

(4) (5) کسی مشکل امر کے درپیش ہونے پر اسکا پڑھنا اس معاملہ کو آسان کر دیتا ہے ۔ (نسائی) (سنن ابن ماجہ ص ۲۷۷)

★ اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّيْ لَآ اُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا ؕ مرتبہ 7 (1)

اللہ اور صرف اللہ ہی میرا رب ہے اور میں اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتا۔

★ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ وَالْمُعَافَاةَ الدَّآئِمَةَ فِي

اے اللہ میں تجھ سے معافی اور عافیت کا سوال کرتا ہوں۔ اور ہمیشہ مدد چاہتا ہوں

الدِّيْنِ وَالدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ؕ مرتبہ 3 (2)

دین و دنیا اور آخرت میں۔ مجھے موت اسلام کی حالت میں آئے اور مجھے نیکوں کے ساتھ شامل فرما دے۔

★ رَبَّنَا يَسِّرْ لَنَا اُمُوْرَنَا مَعَ الرَّاحَةِ لِقُلُوْبِنَا وَاَبْدَانِنَا ؕ مرتبہ 3

اے ہمارے رب! ہمارے لیے تمام کام آسان کر دے اور ہمارے دلوں اور بدن کو ان سے راحت دے۔

★ اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ سَمْعِيْ اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ بَصَرِيْ اَللّٰهُمَّ

اے اللہ! میرے سننے میں عافیت دے، اے اللہ! میرے دیکھنے میں عافیت دے، اے اللہ!

عَافِنِيْ فِيْ بَدَنِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ؕ مرتبہ 3 (3)

میرے بدن کو عافیت عطا فرما۔ بے شک تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔

---

(1) حضرت اسماءؓ بنت عمیس سے حضرت محمد ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ کیا میں تمہیں کچھ الفاظ نہ سکھا دوں؟ کہ تم انہیں پڑھ لیا کرو۔ وہ یہی الفاظ ہیں۔

(2) انس بن مالکؓ فرماتے ہیں کہ میں نے اللہ کے رسول ﷺ سے افضل دعا کے متعلق دریافت کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ اپنے رب سے دنیا و آخرت کی بھلائی مانگا کرو اگر یہ دونوں حاصل ہیں تو تم کامیاب ہو۔ (ابن ماجہ رص ۲۷۳)

(3) اللہ کے نبی ﷺ نے فرمایا کہ ہر مصیبت اور ہر پریشانی کے وقت صبح و شام اس دعا کا اہتمام کرنے سے مصیبت جاتی رہتی ہے۔ (ابوداؤد حدیث نمبر ۱۶۴۹)

★ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْكِذْبِ وَالْكِبْرِ وَالرِّيَآءِ

اے اللہ! میں پناہ مانگتا ہوں جھوٹ سے اور تکبر سے اور ریا کاری سے

وَالْغُرُوْرِ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ كُلِّ فِتْنَةٍ وَّ شُرُوْرٍ ط 3 مرتبہ (1)

اور غرور سے اور پناہ مانگتا ہوں تمام فتنوں اور شر سے۔

★ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ ط اَصْلِحْ لِیْ شَانِیْ كُلَّهٗ

اے زندہ وقائم رہنے والے میں تجھ سے رحمت کا طلبگار ہوں میرے تمام معاملات درست فرما

وَلَا تَكِلْنِیْٓ اِلٰى نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَيْنٍ ط 3 مرتبہ (2)

اور مجھے اپنے نفس کی طرف ایک لمحے کیلئے بھی راغب نہ ہونے دے۔

★ اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُكِیْ وَمَحْيَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ لا

آپ ﷺ کہہ دیجئے کہ میری نماز اور میری قربانی اور میرا جینا اور میرا مرنا سب اللہ ہی کیلئے ہے جو سارے جہانوں کا پالنے والا ہے

لَا شَرِيْكَ لَهٗ 5 مرتبہ (3) سورۃ الانعام آیات 162 سے 163

اس کا کوئی شریک نہیں۔

(1) اس دعا کے پڑھنے والے کو اللہ پاک جھوٹ، کبر، ریا اور غرور سے اپنی پناہ میں لے لیتے ہیں۔

(2) آپ ﷺ نے اپنی صاحبزادی حضرت فاطمہؓ سے کہا کہ میری نصیحت غور سے سنو، صبح وشام اس دعا کو پڑھا کرو۔ (ترمذی)

(3) حضرت علیؓ سے مروی ہے کہ جب اللہ کے نبی ﷺ نماز کے لئے کھڑے ہوتے تو اس کو پڑھ کر اظہار عبودیت اور شرک سے بیزاری کا اعلان کرتے تھے۔ (ترمذی ج ۲ ص ۱۸۰)

★ وَاُفَوِّضُ اَمۡرِیۡۤ اِلَی اللّٰہِ ؕ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیۡرٌۢ بِالۡعِبَادِ ۝ مرتبہ 5 ❶ سورۃ المومن آیت 44

میں اپنا معاملہ اللہ کے سپرد کرتا ہوں یقیناً اللہ تعالیٰ بندوں کا نگران ہے۔

★ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُكَ اِیۡمَانًا کَامِلًا وَّرِزۡقًا حَلَالًا طَیِّبًا وَّاسِعًا

اے اللہ میں تجھ سے کامل ایمان، پاک اور وسیع حلال رزق،

وَّعِلۡمًا نَّافِعًا وَّشِفَآءً مِّنۡ کُلِّ دَآءٍ ؕ مرتبہ 7

نفع دینے والا علم اور تمام امراض سے شفاء مانگتا ہوں۔

★ وَمَنۡ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجۡعَلۡ لَّہٗ مَخۡرَجًا ۝ۙ وَّیَرۡزُقۡہُ مِنۡ حَیۡثُ

اور جو شخص اللہ سے ڈرتا ہے اللہ اس کیلئے چھٹکارے کی شکل نکال دیتا ہے اور اسے ایسی جگہ سے رزق دیتا ہے

لَا یَحۡتَسِبُ ؕ مرتبہ 7 ❷ سورۃ الطلاق آیات 2 سے 3

جس کا اسے گمان بھی نہ ہو۔

★ وَمَنۡ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجۡعَلۡ لَّہٗ مِنۡ اَمۡرِہٖ یُسۡرًا ۝ مرتبہ 7 ❸ سورۃ الطلاق آیت 4

اور جو شخص اللہ سے ڈرتا ہے اللہ اس کے ہر کام میں آسانی پیدا کر دیتا ہے۔

❶ جب لوگوں کی جانب سے آزار لاحق ہوں تو اسکا ورد ہر تکلیف سے نجات دیگا۔ (ماخوذ تفسیر ابن کثیرؒ)

❷ ❸ بکثرت پڑھنے سے ہر مشکل، ہر غم سے نجات اور دشواری سے آسانی ملتی ہے۔ (مسند احمد)

# سورة المزمل 1

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

یٰۤاَیُّہَا الۡمُزَّمِّلُ ۙ۱ قُمِ الَّیۡلَ اِلَّا قَلِیۡلًا ۙ۲ نِّصۡفَہٗۤ اَوِ انۡقُصۡ مِنۡہُ قَلِیۡلًا ۙ۳

اے کپڑے میں لپٹنے والے۔ کھڑا رہ رات کو مگر کسی رات۔ آدھی رات یا اس میں سے کم کردے تھوڑا سا۔

اَوۡ زِدۡ عَلَیۡہِ وَ رَتِّلِ الۡقُرۡاٰنَ تَرۡتِیۡلًا ؕ۴ اِنَّا سَنُلۡقِیۡ عَلَیۡکَ قَوۡلًا

